پانی میں ایک رات بھگا رہنے دیں دوسرے دن ملائم آگ پر یہاں تک قوام کریں کہ کاغذ پر نشتر ہو تب صاف کر کے
چینی یا شیشے کے برتن میں بند کر کے رکھ چھوڑیں اگر جھلی آجاوے اسکو نکال ڈالیں اور اسی طرح عمل کریں جبتک کہ جھلی
نہ آوے تب چھانکر رکھ چھوڑیں اور زاج کو چار چند پانی میں بھگو کر حل ہو جانے دیں پس اسکا صاف پانی لیکر
جوش کریں تاکہ قوام ہو جاوے اور کاغذ پر نشتر ہو تب اُسے مازو کے پانی میں ملا دیں اور وقت حاجت کے تھوڑا
تھوڑا ڈالکر خوب گھسیں جبتک سب صرف ہو جاوے کم سے کم سونگھڑی تک گھسیں نسخہ مداد افشاں اول مداد
بطریق مشارالیہ مذکورہ بالا تیار کریں لیکن بجائے نمک کے طلا کو حل کر کے آخر میں ڈال دیں اور بجائے نصف
وزن صمغ عربی کے دو اسخہ سریشم اور طلا داخل کرنے سے بیشتر ایک ماشہ زعفران کو خوب حل اور صاف کر کے
داخل کریں بعدہ طلا کو دوات میں ڈالکر لکھیں بعد لکھنے کے حروف کو خشک کر کے سنگ جزع کے مہرے سے
گھوٹیں افشاں معلوم ہوگا نسخہ مداد حاجی عبداللہ مرحوم دودہ صمغ عربی زاج ترکی نیل مازو دلے صبر
مرقشیشائے زرد نیلا تھوتھا صبر سقوطری کاجل کو ایک کپڑے میں باندھ کر عرق [illegible] اور [illegible] نیب [illegible]
[illegible] گل میں ڈالکر پانچ سیر پانی میں دو گھڑی تک جوش کریں پھر نکالکر گوند کو پانی میں حل کر کے تانبے کے
یا قلعی برتن میں ڈالکر کاجل کو اس میں جب کی لکڑی سے تین روز تک حل کریں پھر ادویہ مذکورہ کو جیسا چاہا
باریک پیسکر اور مازو کو آگ میں جلاکر باریک پیس کر اسمیں داخل کر دیں اور کئی روز تک حل کریں اور جب
اسکا پانی خشک ہو جاوے پھر مازو کی لکڑی کا پانی اس میں داخل کریں نسخہ سہل الاخذ مازو سبز [illegible]
بقدر ضرورت مع دو چند وزن پانی کے برتن میں کر کے دھوپ میں رکھ دیں یہانتک کہ تین حصہ جل کر
ہو جاوے اور پھر اس کو کسی کاغذ پر ڈالکر آزماویں اگر دوسری طرف پھوٹ نکلے تو پھر دھوپ میں رکھ دیں
جبتک گاڑھا ہو جاوے اور کاغذ پر بند ہو سکے تب چھانکر اس میں آب زاج ترکی قطرہ قطرہ ٹپکا دیں اور

ایک لکڑی سے ہلاتے جاویں تاکہ سیاہ ہو جاوے پھر کاغذ پر لکھیں اگر لکھا ہوا سرخی ہو تو تھوڑا آب زاج اور داخل
کریں اور گھسیں جبتک سیاہ ہو جاوے لیکن بعد سیاہی کے پھر آب زاج نہ ڈالیں ورنہ بگڑ جاویگی پس استعمال
میں لاویں نسخہ مداد خشک دودہ روغن گرفتہ زاج صمغ عربی سب کو خوب اچھی طرح کوٹ کر کہ چھوڑیں
اور وقت ضرورت پانی میں تھوڑی سی حل کر کے استعمال کریں نسخہ مداد خشک نوع دیگر دودہ چربی گرفتہ کو آب
صمغ کے ساتھ پیتل کے برتن میں خوب خمیر کر کے لیں اور پھر تھوڑا آب صمغ ڈالکر پیتل کے برتن ہی میں گھسیں اور خشک کر لیں
اور رکھ چھوڑیں وقت حاجت بقدر مطلوب آب صمغ میں گھولکر کام میں لاویں نسخہ مداد خشک نوع دیگر دودہ چربی
گرفتہ صمغ عربی مازو نیلا سب کو ملا کر خوب گھسیں اور ایک مثقال زاج کو کاغذ کی پڑیا میں رکھکر خمیر کر دیں
پھر کسی آگ میں بھون لیں پھر نکالکر اوس گھسے ہوئے میں داخل کر دیں اور اسقدر جوش کریں کہ غلیظ ہو جاوے تب
صاف کر کے خشک کر لیں اور وقت حاجت تھوڑا سا کسی پیالی میں لیکر آب گرم میں ایک رات بھگا رہنے دیں
نہایت لطیف مداد ہوگی نسخہ مداد یہ ہیں کہ نہایت رنگین اور براق اور دیرپا ہے دودہ ۳ مثقال صمغ عربی ۴ مثقال

مازو سبز	مرقشیشائے سوختہ	زنگار	بیس	صبر سقوطری	کاجل کو ہاون میں دو پہر تک
۲ مثقال	۵ مثقال	یک مثقال	یک مثقال	۲ مثقال	

گھسیں اور گوند کو گھول اور چھانکر دو چند پانی ملاکر اسمیں کاجل کو ڈالکر دو پہر یا پانچ روز تک گرم ہی گھسیں
مرقشیشائے سوختہ کو گھسیں ڈالکر دو پہر تک پھر گھسیں اور تھوڑا تھوڑا صبر کا پانی خمیر ڈالتے جاویں جبتک
تمام صرف ہو جاوے بعدہ مازو مع پوست سوز یا سرکہ خالص پانی میں بھگو کر جوش کریں یہانتک کہ پانی نصف
رہ جاوے تب چھانکر تھوڑا تھوڑا پانی اسمیں ڈالتے جاویں اور تانبے کے برتن میں خوب رگڑیں یہانتک کہ
سب پانی صرف ہو جاوے تب اسکے اقراص بناکر سائے میں سکھا لیں وقت حاجت بقدر مطلوب حل کر کے
استعمال کریں نسخہ بدیں بعد مازو سفید کو جو کوب کر کے زمین [illegible] آب میں ڈالکر جوش کریں یہانتک کہ آدھا پانی
بعد سرد ہونے کے زاج سرخ ملادیں تاکہ سیاہ ہو جاوے اور بحساب فی ۲۰ تولہ کے ایکدرم صمغ عربی کوٹ کر
ڈالیں پھر استعمال میں لاویں نسخہ آب زاج مازو چار جزو صمغ عربی چار جزو کاجل روغن حسب ضرورت اور تھوڑا سی
زعفران کو باہم ملاکر گھسیں نسخہ مداد حلیہ کے رنگ میں مادہ دودہ کے مانند ہے پوست حلیہ کا پانی لیکر تھوڑے
پانی میں بھگو کر رکھ چھوڑیں جب تک اسکا پانی خشک ہو کر تہائی رہجاوے تب چھانکر دودہ چربی گرفتہ
اور گوند کا پانی اس میں ڈالکر اور گھسکر استعمال میں لاویں نسخہ بدا دلکر درخت ڈھاک کی لاکھ
کا پانی ۳ تولہ زاج سفید ایک تولہ دونوں کو باہم ملا کر ایک مٹی کے برتن میں پانچ سیر پانی میں جوش کریں

[illegible]

یہاں تک کہ سیر بھر رہ جاوے تب صاف کر کے شیشے میں رکھ چھوڑیں اور وقت حاجت کاجل کے ساتھ حل کر کے دوات میں ڈالکر لکھیں **نسخہ** علاوہ دیگر لاکھ خام چپڑی سجی لاکھ کو مٹی کے کے برتن میں ڈیڑھ سیر پانی میں جوش کریں یہاں تک کہ خوب حل ہو جاوے پھر چھٹانک سجی کو باریک پیسکر اسپر ڈالیں اور پھر خوب جوش دیں تاکہ رنگ سرخ ہو جاوے تب چھانکر شیشے میں رکھ چھوڑیں اور وقت ضرورت تھوڑا لیکے کاجل میں حل کر کے کام میں لاویں **نسخہ** علاوہ دوسرا [illegible] لیکر بہت پانی میں جوش کریں یہاں تک کہ غلیظ ہو جاوے تھوڑا سا گوند ڈالکر لکھیں **نسخہ** روشنائی سرخ پانی شنجرف [illegible] صاف ایک [illegible] نصف [illegible] جدا جدا کوٹ کر خوب [illegible] میں [illegible] کسی [illegible] چولہے پر چڑھا کر [illegible] پانی جوش کریں جب جوش کھانے لگے تو اسمیں [illegible] پانی اور تھوڑا تھوڑا [illegible] پانی ڈالتے جاویں جب یہ دونوں مل جاویں تو لکڑی سے حرکت دیتے رہیں جب قوام قابل تحریر ہو جاوے تو اتار کر کپڑے میں چھان لیں **ترکیب** بنانے دوسری یہ ہے کہ کسی چراغ [illegible] روغن [illegible] یا [illegible] سے پر کر کے [illegible] فتیلے [illegible] کتان کے یا اور کپڑے کے روشن کر کے ایسے مقام میں رکھیں کہ [illegible] چراغ کے [illegible] خشت رکھکر [illegible] سفالی کو [illegible] کہ سر [illegible] اسطرح کہ تمام ہوا بند ہو جاوے ورنہ احتمال گل ہو جانے چراغ کا ہے اور [illegible] شعلہ [illegible] بلند [illegible] اجزائے دود [illegible] مجتمع ہوں جب چند ساعت کے کاجل مجتمع شدہ کو [illegible] سے علیحدہ کر کے پھر بدستور [illegible] چراغ سفال کو سرپوش کر دیں اور روغن حسب ضرورت ڈالتے رہیں جب تک چند [illegible] کاجل فراہم ہو جاوے اور **ترکیب** صاف کرنے کاجل کی [illegible] یہ ہے کہ ایک پیالے میں پانی بھر دیں اور کاجل کو اسپر ڈالدیں اور پھر اٹھا لیں اور **ترکیب** نکالنے چربی [illegible] کاجل سے یہ ہے کہ کاجل کو [illegible] کاغذ کی پڑیا میں رکھکر [illegible] بند کر دے اور اس کو تنور گرم میں ایک خشت پر رکھدے یا گرم راکھ میں داب دے یہاں تک کہ خوب پک جاوے مگر جل نہ جاوے تب نکال کر کام میں لاوے اگر [illegible] تھوڑی سی چربی [illegible] جاتا [illegible] سیاہی [illegible] **نوع دیگر** کاجل کو کسی برتن میں رکھکر ایک [illegible] کاجل سے [illegible] کریں تاکہ جلنے لگے تب استعمال میں لاویں۔

فائدہ اگر دوات [illegible] القوام [illegible] تھوڑا سا عرق [illegible] کاغذی ملا دیں اور اگر رقیق [illegible]

ہو تو ایک بتاشہ ڈالدیں **ترکیبات** بنانے شنجرف و زنگار و سفیدہ آب عمرو کی **ترکیب شنجرف**

شنجرف رومی پارہ خالص گوگرد زرد لیکر دونوں کو خوب پیسیں کہ باہم ایک ذات ہو کر خاک سیاہ ہو جاویں پھر ایک آتشی شیشہ کہ جس کی گردن [illegible] ایسا جس کے نصف [illegible] از نصف میں وہ اجزا سما سکیں لیکر آخر تک کی [illegible] گل حکمت کریں اور دھوپ میں سکھا لیں اور وہ دونوں چیزیں پسی ہوئی شیشے میں بھر دیں اور پانچ حصہ [illegible] ڈالکر ملا دیں اور پھر شیشے کا منہ لکڑی کی ڈاٹ یا مٹی یا سرپوش سے جیسا مناسب ہو بند کر دیں اور پھر کسی بڑے برتن میں ریت یا راکھ بھر کر اسمیں شیشے کو اس طرح گاڑیں کہ شیشے کی گردن اس ریت یا راکھ سے باہر نکلی رہے بعد اس برتن کا منہ گل حکمت سے بند کر دیں اور اسکو چولہے پر رکھکر چولہے کے کناروں پر مٹی لگا دیں تاکہ آنچ باہر نہ جاوے اور پھر نرم آنچ دیں اس کے بعد معتدل دو پہر تک پھر ایک پہر تک تیز آنچ کریں پھر آگ ٹھنڈی کر دیں اور اس برتن کو بدستور چولہے پر رکھا رہنے دیں دوسرے دن جب خوب سرد ہو جاوے شیشہ نکال کر شنجرف نکال لیں **نوع دیگر** مٹی کے دو پیالے [illegible] کناروں کو ایک صاف پتھر پر گھسیں تاکہ ہموار ہو کر [illegible] بند ہو جاوے اور ان دونوں کو باہر کی طرف گل حکمت کر لیں جب پارہ خالص گوگرد زرد [illegible] سب کو پیسکر ملا کر ایک پیالے میں بھر کر دوسرا پیالہ سرپوش بنا کر دونوں کے کنارے مٹی سے بند کر دھوپ میں خشک کر لیں اور تنور [illegible] جس کی آگ نکال ڈالی گئی ہو ایک اینٹ رکھکر اس پر پیالے کو رکھ دیں اور تنور کا منہ رات بھر بند رکھیں [illegible] دوسرے روز کھولکر پیالہ نکال لیں اس میں نہایت سرخ [illegible] شنجرف نکلیگا اگر شیشے میں بھرینگے تو اسمیں دھواں [illegible] رنگ [illegible] معلوم ہوگا فقط **نوع دیگر** شنجرف [illegible] سیماب خالص گوگرد [illegible] ملاکر شیشے میں بند کر کے گل حکمت کر دیں اور ایک [illegible] دیگ میں [illegible] اور دیگ کو گل حکمت [illegible] آنچ دیں اور [illegible] **نوع دیگر** شنجرف عمری پارہ خالص گوگرد [illegible] شیشے میں رکھکر بدستور [illegible] دونوں [illegible] پانچ دن دیگ کو آنچ دیں **نوع دیگر** شنجرف مصفا سیماب گوگرد زرد [illegible] ملاکر شیشے میں بند کر کے گل حکمت کر دیں اور ایک خشت پختہ [illegible] تنور [illegible] میں رکھکر شیشے کو اسپر رکھ دیں بعد آدھ گھڑی کے شنجرف نکال لیں **نوع دیگر** شنجرف ہندی پارہ [illegible]

ترکیب بنانے زنگار کی اول زنگار [illegible] خالص [illegible] اور نمک [illegible] پانی [illegible] **نوع دیگر**

زنگار فرعون براده مس کو بھین اور شیرہ انگور یا سرکہ انگوری اسپر ڈالیں اور گھسیں اور وہ دن چھوڑ دیں جب خشک
ہو جاوے تب پھر گھسیں اسی طرح سات مرتبہ آخر مرتبہ میں جو سبز رنگ پانی اس سے نکلے اسکو لیکر ایک
پیالہ میں کر لیں **نوع دیگر** زنگار رسالی براده مس نوشادر نمک لاہوری نمک اور نوشادر کو جدا جدا
باریک پیسکر براده میں ملا کر تانبے کے پیالہ برتن میں رکھکر سرکہ مقطر کہ جسمیں تھوڑا شیرہ یا عرق لیموں
کاغذی بھی ڈالیں اتنا کہ اسکے اوپر تک آ جاوے اور برتن کا منہ بند کر کے دھوپ میں رکھدیں اور روز حل کریں
اور پھر دھوپ میں رکھدیں اور جب عرق یا سرکہ خشک ہو جاوے اور ڈالیں یہانتک کہ سب براده زنگار ہو جاوے
اور ملنے کا جو طریقہ ہے **نوع دیگر** براده مس نوشادر چکالی نوشادر کو باریک پیسکر براده میں ملا کر تانبے
کے پیالہ برتن میں رکھکر سرکہ انگوری تند و تیز یا عرق لیموں اسپر ڈالیں یہاں تک کہ ایک انگشت اونچا ہو جاوے
پس منہ برتن کا بند کر کر گھوڑے کی لید میں پانچ روز تک دبا رہنے دیں اور ہر روز لید تازہ بدل دیں اچھی زنگار جاوے گی
نوع دیگر زنگار فرنگی براده مس سرکہ تانبے کے برتن میں براده رکھکر سرکہ ڈالیں اور برتن کا منہ بند کر کر
گرم جگہ میں رکھدیں اور سرکہ خوب کا بند کر دیں ایک ماہ کے بعد نکال لیں **نوع دیگر** زنگار فیروزہ ورق مس
خوا ہے باریک بقدر ضرورت لیں اور سرکہ مقطر جسمیں اسکا نصف نوشادر حل کیا گیا ہو لیں اور ایک طشت
مسی لیں سرکے کو طشت میں ڈالا اور اوراق کو سرکے میں بھگو کر اس طشت میں جا بجا چپکا دیں اور دن تک
میں ڈال دیں پس ایک ہفتے بعد نکال کر جسقدر زنگار ہو گئی ہو تراش لیں اور جو باقی ہو اسکو پھر یہی عمل کریں کہ
سب زنگار ہو جاوے اور اگر بجاے اوراق براده مس ہو تو مضائقہ نہیں **نوع دیگر** زنگار مصفی جیل کے براده کو
تین بار آب نمک سے دھوئیں اور ایک جیل کے برتن میں آب ترنج ڈالکر براده کو ڈالیں اور اسقدر نصف ملا
جاوے کے نوشادر وہ حل کریں اور برتن کو ایک دیگ میں رکھکر اسمیں پانی ڈالیں اور دیگ کو سرپوش کر کے آگ پر
گرم کریں یہاں تک کہ جوش آ جاوے اور وقتاً فوقتاً دیکھیں جو کچھ اجزا سبز ہو گئے ہوں انکو ایک چینی کے برتن
میں نکال لیں اور آب ترنج اور ڈالیں یہانتک کہ سب زنگار ہو جاوے **نوع دیگر** زنگار مصفا زنگار مصفی لیکر
تھوڑا سا سرکہ مقطر میں حل کریں جب سرکہ سبز ہو جاوے تب اسکو صاف کر کر قلعی کے برتن میں پھر اس کو
لکڑی پر رکھدیں یہ زنگار بہت عمدہ اور صاف ہوگی **ترکیب** بنانے سفیدہ آب کی قرص بقدر مطلوب
مٹی کے برتن میں ڈالکر چولہے پر رکھیں اور نیچے آگ کریں یہاں تک کہ گل جاوے تب آہستہ چمچے سے چلاتے
جائیں اور آگ تیز کریں سب قرص سفید راکھ ہو جاویگی اسکو مٹی کے دوسرے برتن میں رکھکر اور سر

اس کا خوب بند کر کے چولہے پر رکھیں اور چار پہر آنچ دیں پھر سرد کر لیں صبح کو سفیدہ آب نکال لیں **نوع دیگر**
سفیدہ آب بامسی قلعی خالص کو مٹی کی دیگ میں رکھ کر تھوڑا نمک اسمیں ڈالیں اور نرم آنچ کریں تا گل جاوے پھر
ملا کر گھسیں اور مٹی کے برتن میں بند کر کر گل حکمت کر دیں اور بھٹی میں رکھدیں تا کہ مٹی پک جاوے تب نکال کر
دیکھیں اگر سفید نہوا ہو پھر بطریق مذکور بھٹی میں رکھیں تا کہ خوب سفید ہو جاوے **ترکیب** حل کرنے زر کی
واسطے نقاشی اور جدول و تحریر کے کام آوے ذہب خالص خواہ ورق خواہ براده و نوشادر کابلی لیکر اول نوشادر
کو بیضہ مرغ کی زردی کے ساتھ گھسیں اور گوگرد کو بھی پیسیں بلا نوشادر کو ایک چینی کے پیالہ میں رکھکر اس
مرکب میں سے ایک ... نرم ... تھوڑا ... آنچ پر رکھ دیں تاکہ نوشادر اور گوگرد جاتا رہے
اور زر حل ہو جاوے **نوع دیگر** براده زر سرخ خالص اور ... مساوی الوزن لیکر اور آب ... میں حل کر کے
دھوپ میں رکھیں تاکہ حل ہو جاوے اور تھوڑا گوند ملا کر استعمال میں لاوے **نوع دیگر** ورق طلا بایک
بقدر حاجت کسی چینی یا مٹی کے برتن میں کہ لعاب دار ہو رکھیں اور سریشم کے پانی میں کہ صاف اور پتلا ہو
ہو دو انگلیوں سے خوب حل کریں پھر اسکو پانی میں دھو دیں جب بالکل اجزا جم جاویں تو پانی میں غلطاں ہوگئے
ان کو علیحدہ نکال لیں اور ... کو پھر بدستور گھسیں اور اس کو بھی ... کہ اس کے باریک اجزا نکال لیں اور
اس سب نکالے ہوئے کو تھوڑی دیر ٹھہرا دیں تاکہ نیچے بیٹھ جاوے اور اوپر کا پانی پھینک دیں **نوع دیگر**
اول ناخن تراش کر ہاتھوں کو صابون کے پانی سے خوب دھو دیں پھر گوند کا پانی بامقدار کو حل کر کے ہتھیلی پر
ملیں اور اسپر ورق طلا ڈالیں اور ملتے جاویں یہاں تک کہ اس کی چمک جاتی رہے اور خشک ہو جاوے
پھر تھوڑا گوند کا پانی اور ہتھیلی پر ڈالیں اور چند ورق طلا اور بدستور اس میں حل کریں علے ہذا القیاس جسقدر
مطلوب ہو پھر ہاتھوں کو کسی چینی کے پیالے میں پانی سے دھو دیں کہ تمام زر حل شدہ پانی میں آجاوے
اور یا تھوڑی دیر رکھا رہنے دیں تاکہ تہ نشین ہو جاوے تب پانی نکال ڈالیں تھوڑا
گوند کا پانی ملا کر ٹکیاں بنا کر سکھا رکھیں وقت ضرورت صدف میں آب صمغ کے ساتھ حل کر کر استعمال
میں لاویں اور بعد خشک ہو جانے ذہب کے ... یا عقیق سے مہرہ کریں خوب براق ہو جاوے گا
فقط ترکیب بنانے رنگ نقرئی قلعی کی ... آگ پر گلا کر صاف کر لیں اور پھر اس کو تھوڑی
... اور ... سرکے ... اسپر ڈالتے جاویں وقت استعمال تھوڑا سا پانی ڈالکر ...
گھسیں اور بعد خشک ہونے کے مہرہ کر دیں **فقط ترکیب** بنانے رنگ سرخ و زرد و زنگاری وغیرہ کی اول

زنگاری زنگار کو گھس کر پیالے مین کرکے آب لیمو یا سرکا سفید ڈالکر انگلی سے گھلیںین پھر تھوڑا سا گوند کا پانی ڈالکر کام مین لائین دوم زنگ زرد زرنیخ یعنی ہرتال کو خوب گھسکر پیالے مین کرکے آب صمغ ڈالکر سحق کرین پھر دھوپ مین خشک کرکے دوبارہ آب صمغ ڈالکر انگلی سے ملین اور استعمال کرین سوم زنگ سرخ شنگرف کو خوب صلایہ کرکے کاسۂ چینی مین کرکے پانی چھوڑین تا زرد آب اسکا نکل جاے بعد ازان آب صمغ ڈالکر پھر پانی ڈالین تا زرد آب اور نکل جائے پھر قدرے آب لیمو ڈالکر خشک ہوجانے دین بعد ازان پانی ڈالکر ملین اور چھینٹے سے صاف کرین جب خشک ہوجاے تھوڑا سا گوش ماہی یعنی صدف مین لیکر آب صمغ ملاکر کام مین لاوین چہارم زنگ سفید سفیدہ آب کاشغری کو گوند کے ساتھ گھس لین پنجم زنگ کبود نیل کو آب صمغ کے ساتھ گھسکر استعمال مین لائیں اور واضح ہو کہ پانی اور رنگ اختراع رنگہاے مذکورہ بالا سے بن سکتے ہین جیسے رنگ آسمانی رنگ کبود و سفیدہ سے اور رنگ گلابی و صندلی رنگ سفیدہ و شنگرف سے مگر گلابی مین بہ نسبت صندلی کے رنگ سرخ زیادہ ہوتا ہے لیکن یہی رنگ سبز اختراع رنگ زرد اور کبود سے بن سکتا ہے **فصل ششم** ترکیبات متفرق مین **ترکیب** إِزَالَةُ الْخَطِّ مِنَ الْوَرَقِ یعنی لکھا ہوا کاغذ پر سے محو ہوجاوے گر یا نوشادر تخم خیار یعنی کھیرا تخم ارنڈ مغز بنولہ مساوی الوزن لیکر اس سے حروف نوشتہ پر ملین **نوع دیگر** قلمی سفیدہ کو عرق لیموے بجورو کا حرمل مین خوب باریک پیسکر حروف پر اسکو پھیرین اور خشک کرلین یہ نسخہ بہت عمدہ ہے **نوع دیگر** پھٹکری مازو گندھک سفیدہ مساوی الوزن لیکر سرکا خمر مین پیسے اور مثل مرہم کے کرکے اور گولی بناکر سایہ مین خشک کرلے وقت حاجت جس قدر مطلوب ہو پیسکے اور اسکو لکھے ہوے پر لگاوے **نوع دیگر** سفیدہ یعنی بیل دانگ گوند بیل مساوی لیکر گولی بناکر سایہ مین خشک کرلے وقت حاجت ایک گولی لیکر پانی مین گھس کر قطرے لکھے ہوے پر لگاوے اور خشک کرلے **نوع دیگر** ریگ کو روغن زیتون اور انڈے کے سپیدہ مین ملاکر ادھی پھٹکری مین گھس کر لکھے پر ملین حروف زائل ہوجاوینگے اور اسی عمل سے تیل کا دھبہ کا بھی دور ہو سکتا ہے۔ **نوع دیگر** نمک سفید کو ... سحق کرین بعد خشک ہوجانے کے سرکے مین ملاکر ملاکر حروف پر لگاوین کاغذ سفید ہوجاویگا **نوع دیگر** موم گرم کو لکھے پر چند بار رکھین اور پھر اٹھالین **نوع دیگر** نوشادر سہاگہ ... مساوی الوزن لیکر پانی مین گھسکر حروف پر ڈالین اور

دھوپ مین رکھین اثر حروف کا جاتا رہیگا اور کاغذ سفید ہوجائیگا **ترکیب بر داشتن روغن از کاغذ** استخوان سوختہ سات درم ... پھٹکری دس درم مصری ایک درم باریک پیسکر روغن پر چھڑکین روغن جاتا رہیگا ایک کاغذ دوسرا اسپر رکھکر پتھر سے دابے رہین کہ جذب کرلے **نوع دیگر** گل ... پوری اور ایک لیمون پتہ آب تادیر اور نمک شورہ بھی یہی عمل کرتا ہے **ترکیب** جس سے **حروف سفید** اور کاغذ سیاہ ہوجاے انشاء اللہ خان نے اس ترکیب کو نظم کیا ہے **قطعہ**

گر بات لکھے جو ایک وصلی پر * اور سکھلا دے لفظا اسے پیارے * کو ... یہ وصلی کو کر دو کالی جو حروف ہیں سالمے * دکھ کے دو وصلی ایک ... * پھینٹے پانی کے خوب سے ملتے ساتھ ہی اس عمل کے اے انشا * نکل آوینگے حروف جون تارے *

اگر کاغذ مقابل پر روشنائی سے ... گوند آمیز کر کے لکھین اور دود چراغ سے یہ عمل کرین تو بھی بہت صاف ہوتا ہے۔

فصل ہفتم فن طبع کے بیان مین واضح ہو کہ فن طبع کا ایجاد جس کا اہل فرنگ سے ہے دو قسم ہے اول وہ کہ حروف ... کے چھاپتے ہیں اور یہ ترکیب جان گٹن برگ نامے شخص باشندہ ملک لیمان عرف جرمنی نے ایجاد کی ہے سنہ ۱۴۳ ... عیسوی مین دوم وہ کہ کاغذ پر قلم سے لکھکر پتھر پر منطبع کرتے ہین اور یہ عجیب اور بہ نسبت قسم اول کے آسان تر ہے اور واسطے اسکے اول موجود ہونا چند اشیاے مفصلۂ ذیل کا مقدم ہے **اول پتھر** اور وہ اگرچہ اب ہندوستان مین بھی بنتا ہے مگر ساختہ انگلستان بہت صاف اور سبک رو ہوتا ہے **دوم** سنگ طبع اگرچہ پتھر ایک قسم کا سنگ ولایتی ہے مگر ہندوستان مین بھی ایک پتھر زرد رنگ جس کا نام ... کان جیسلمیر سے آتا ہے اس سے بھی طبع ہو سکتا ہے مگر اس مین یہ نقصان ہے کہ بعد طبع چار یا پانسو ورق کے حروف مغشوش اور مشکل ہوجاتے ہین اور سنگ لائق مین ہزارون ورق صاف چھپ سکتے ہین اور پتھر کے صاف اور ہموار اور مجلی کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ دو پتھر کہ عرض اور طول مین برابر ہون ایک کو دوسرے پر رکھکر اور ان کے درمیان ریگ ... جس مین سنگریزے وغیرہ نہون ڈالکر پانی کا چھینٹا دے کر دو شخص مقابل آمنے سامنے بیٹھکر دونون پتھرون کو سحق کرین اور ہر بار پانی اور ریگ ڈالتے رہین جب خوب ہموار و صاف ہوجائین تب ایک پارۂ سنگ سے کہ مربع مستطیل ہو اسپر مہرہ کرین۔ تین چار روز تک مہرہ کرنے سے سطح سنگ کی خوب صاف اور مجلی قابل طبع ہوجاے گی

سوم مداد تحریر ترکیب اُس کی یہ ہے کہ روغن کنجد چراغ مین ڈالکر حسب دستور معروف دود اُس کا
سفال آب نا رسیدہ مین لین پھر موم سفید چربی صاف تال شفاف صابون ولایتی ایک ایک دو دان
آتش کرکے لون کی آگ پر رکھین اور رال کو اُس مین پگھلاوین بعدہ موم بعدہ چربی بعدہ صابون کو
ریزہ کرکے ڈالین جب سب ملکر ایک ذات ہو جائین تھوڑا تھوڑا کاجل اُس مین ڈالین اور چوب یا
دستہ آہن یا سنگ سے خوب حل کرین اور حل کرین جب قوام درست ہو جائے اُس مین سے
ذرا سی لے کر اور ایک قطرہ آب ڈال کر ظرف چینی مین حل کرین اگر سیاہی خوب معلوم ہو اور سب
اجزا مل گئے ہون تو آگ پر سے اُتار کر ظرف چینی مین ڈالین اور تیز چاقو سے اُس کے قرص
تراش کر با حتیاط رکھ چھوڑین کہ گرد و غبار سے محفوظ رہے بوقت حاجت قدرے آب دریا
یا آب باران مع سیاہی ظرف چینی مین ڈالکر گھس لین اور اگر موسم جاڑے کا ہو تو تھوڑی
دیر دھوپ مین رکھدین جب گرمی اثر کرے اُنگلی سے گھس لین جب حل ہو جائے کسی قدر
صورت چشم کو سفید کاغذ ڈالکر لکھین مگر بعد دن تین چند روز اور واقفیت سے قیاس سیاہی کے ہمراہ بھی
اس سیاہی سے نہیں لکھ سکتا ہے **چہارم** تدبیر کاغذ چھاپہ عصارۂ ریوند خطائی پھٹکری سفید باریک کاغذ
چینی سپید رات کو بھگو دین صبح کو خیسیدہ نکال کر معتدل آگ مین قوام کرین اور پھٹکری کو بریان کرکے اور
باریک پیسکر ظرف چینی مین رکھکر تھوڑا پانی ڈالین تاکہ حل ہو جائے اسی طرح عصارۂ ریوند کو بھی باریک
پیسکر دوسرے پیالے مین رکھین اور تھوڑا پانی ڈالکر آب مقطر پھٹکری کا بھی اُسمین ملائین پس ایک تختی
سنگی یا چوبی صاف ہموار پر کاغذ چینی کو رکھکر ایک صفحہ پر کاغذ پر آب اور دین گرا باز خطیط تو بکار رقیق ہو بعد
آثار دینے کے کاغذ کو سایہ مین خشک کرلین بعد ایک کپڑے کو آب عصارۂ ریوند اور پھٹکری مذکور مین
تر کرکے اُسی صفحے کو پھیر یا دیا جائے پانی سے رنگین کرکے سایہ مین خشک کرلین لیکن دوسرے صفحے پر آثار
دین بعد کاغذ آمادہ کو بعید و سنگ گران کے نیچے دبا رکھین تاکہ ہموار رہین **پنجم** مداد چھاپا ایک سیر روغن
کتان یعنی السی بقدر حاجت لیکر اور ظرف اُسکا بند کرکے آتش معتدل پر رکھین بعد ایک ساعت کے منہ کھولکر
ایک دراز لکڑی سے روغن کو حرکت دین جب روغن مشتعل ہو فوراً منہ سرپوش سے بند کرکے آنچ معتدل کرکے
دین تاکہ روغن پک کر دبیز ہو جائے تب آگ سے اُتار کر ایک تاند کے نیچے بند کر دین صبح روغن مین کاجل بقدر ضرورت
ملا کر ایک پتھر پر سطح سنگ کے دو تین روز تک خوب حل کرین تاکہ یکذات ہو جائے پھر اُٹھا کر چینی کے برتن کی طرف

پاکیزہ مین رکھکر خوب بند کر دین مگر چاہیے کہ اسکے بنانے مین بڑی احتیاط کرین اور مکان مسقف کے نیچے ہرگز
نہ بناوین کہ مبادا روغن جلکر شعلہ بلند ہو اور آگ لگ جاوے اور جبتک کسی اُستاد کامل کو بناتے دیکھ لین ہرگز
قصد بنانے کا نہ کرین پس جب کچھ چھاپنا ہو مداد تحریر سے کاغذ آمادہ پر لکھین بعد ازان پتھر کو حرارت
معتدل خواہ آفتاب یا آگ سے گرم کرکے صندوق پیچ مین رکھین اور کاغذ نوشتہ کو صفحۂ سنگ پر الٹا رکھین
یعنی صفحہ لکھا ہوا ماس سطح ہو اور سرپوش کرکے صندوق کو کئی مرتبہ پیچ مین ڈالین اور باہر
نکالین چند مرتبہ ایسا کرنے سے تمام حروف کاغذ کے پتھر پر منطبع ہو جائینگے تب سرپوش کھولکر
کاغذ وصل شدہ کو پانی سے تر کرکے دور کرین اور صمغ عربی کو پانی مین حل کرکے صفحۂ سنگ پر
جسپر حروف منطبع ہو گئے ہین ملا کرکے رات بھر رکھا رہنے دین دوسرے روز
صمغ کو پانی سے دھو ڈالین اور پتھر کو خوب صاف اور پاکیزہ کرکے
صندوق پیچ مین رکھین اور سیاہی روغن کتان کو ایک پتھر
کے صفحے پر پھیلا کر بیلن کو اُس مین آلودہ کرکے پتھر صفحہ
منطبعہ سنگ کو پانی سے خوب تر کرکے بیلن سیاہی کا
دو ایک بار اوسپر پھرائین تاکہ سب حروف سیاہی کو
لے لین پس کاغذ تر دادہ کو پتھر پر رکھکر سرپوش
کرکے صندوق کو ایکبار پیچ کی اندر کرکے
نکالین تمام حروف پتھر کے کاغذ سفید پر
منطبع ہو جائینگے بعدہ حفاظت
اور رد قائق اس صنعت
کا استعمال سے
معلوم ہوگا

یہان سے قطعات تعلیمیہ ہر قسم خط کے شروع ہوئے













با جت سج صد صد صد طر طر عس عط عش

فص کط کط مع مع هف بق جک بق حک

حک سل صم صم صم عن عو عع فه

فه فه هه کلا می بی هے

کتبه اشرف علی

راهی است راه عشق که هیچش کناره نیست

آنجا جز اینکه جان بسپارند چاره نیست



بلغ العلى بكماله
كشف الدجى بجماله
حسنت جميع خصاله
صلوا عليه وآله

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين اياك نعبد واياك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط
الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين آمين



(تحریر خود سید محمد نواب لکھنوی)

ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ ضظغ

ملا شفیعا ایجاد کردہ شفیعی خوشنویس کا ہے جس کو شکستہ اور نستعلیق سے اخذ کر کے وضع کیا اور بعض کہتے ہیں

خط معکوس
کتبہ احمد علی





کتبہ
دیبی پرشاد بدایونی







بگو طوطی حدیث پنجتن پاک
کو وصف مصطفیٰ حق گفت لولاک
کتبه محمد نور خان

قطعہ تاریخ طبع صوری و معنوی طبع سابق طبع زاد جناب منشی گیندن لال گوہر بدایونی دوست مصنف

ہوا فضل تھا جب خدائے جلال
مرقع چین کا چھپ گئے کیا مال
لکھے ہیں خوشخطوں کے اور خطوں کے
خط استوره کا جس ہے رقم حال
قلم کاغذ سیاہی کی تراکیب
کھلے جا کے سب یکجا کا حال
کتاب تھر سحر ساحری ہے
خط اشکال زر کتاب الکی ہے کمال
شہ و اکرم کے شاد و سلامت
ہوا ہے نجت جوان الفت جمال
یکایک دل آئی ہاتف کہ گوہر

چھپا ارژنگ چین انتخاب سال
بیان میں جس میں حرف خط کے ارقام
درست صحت سے اسلاو زر پکال
تراکیب الفراستیا کی لکھی ہیں
لکھی ہیں خوب جس میں عقل ہو دال
بلا شک ہے یہ نسخہ معدن فیض
کلام تحریر ہے جادو تست شہپال
ہے نام نامی منشی دیبی پرشاد
دو بالا ہو گئے عز و جاہ و اقبال
ہوئی فرمائش تاریخ مجھ سے
لکھو تاریخ ہو کر تاریخ اقبال
شادہ سو تحریر تمثیوی سال
۱۹۱۴ [illegible]

چھپا ہے بجا ہے قیمت ارژنگ
عیاں ہے خوشخطی کا سب احوال
خط مستوطر مروزه میں درج
ہوا لازم خوشخطی کو ہیں ہر حال
کیا خطاطی کے فن کا بیان صاف
تما میں بکی ہے گویا زبان لال
مصنف شاہ ملک خوشخطی ہے
حقیقت میں ہے اہل علم و افضال
ہے یارب وہ دنیا میں ہمیشہ
ہوئی تب پشکر مجھکو لاحق حال
سنہ صدی کی تمت مثنوی ہے

سبحان اللہ کیا مجموعہ صنائع اقسام خطاطی کا لاجواب تشریح حروف [illegible] نگار خانہ چین ہو کر چھپ کے نکلنے سے [illegible] جس کا نام ارژنگ چین ہوا [illegible] رشک خط طاہران روزگار صاحب اختراع و ایجاد منشی دیبی پرشاد صاحب [illegible] طبع ہوا [illegible] تکمیل صنائع و بدائع نگاری کی [illegible] مطبع [illegible] اہتمام [illegible] ۱۹۱۳ء میں طبع ہوا۔

بیان وصل و فصل و کرسی الفاظ

تحریر مرکبات میں وصل و فصل و کرسی الفاظ کا لحاظ رکھنا چاہیے وصل و فصل کے
لحاظ سے میں اس تقصان کا ہے کہ سطر کے بعض حروف و الفاظ باہم بہت پیوستہ
اور بعض بہت ہی جدا ہوں اور لحاظ کرسی نشینی سے بجسب اصطلاح پیچ پیچ کر
بعض حروف سطر کے ڈھنگ آویں اور بعض اوپر کو چڑھ جاویں لیس چاہیے کہ
اتصال الفاظ کا بحسب قاعدہ اور بقدر مناسب ہو اور سطر راست ہو تاکہ طرز تحریر حروف
مقرر ہیں ان کی مثال لکھی ہے۔ مثلاً جو حروف دائرہ دار ہیں سر جملہ دوائر کا ایک
خط مستقیم میں ہو اور علی ہذا القیاس شکم دوائر کا ایک خط مستقیم سے خاص ہو غرض کہ
جملہ دوائر دو خطوط مستقیم متوازی کے درمیان واقع ہوں سوا اسکے سطر اول میں
اور نیز بس و بس د ر د ر ن د دوائر س ش ص ض ع غ ل ی ے یا ایک سطر میں
اور نیز س ش بطرف ایک سطر میں اور سطر دوم میں ق ک گ ھ ے
مثلاً ی ایک سمت ہوں اور نیز حروف ک ل د ل ا ھ ے ایک
خط میں ہوں اور ط کو لا سے ص لکھنا چاہیے اور مرہم یا سے ل تک لکھا جاوے
اور و کو ن کے اوپر سر میم کے سیدھ میں لکھنا چاہیے اور ہ کو اسطرح کہ خط ناس دوائر سے
ملکر اسکا مس کرے ۔ جو انتصاف میں ا ب ج ک ل م ن و ہ ی
س ش ص ض ع ایک ہی نقطہ کا ہو اور درمیان ج د ر ز س دو نقطہ کا درمیان
دوائر میں س ش ایک دائرہ میں ہو نقطہ کا اور خوشنویس تحریر میں دو سطر تعلیم مقررات ہیں
بھی چند امر کا لحاظ کرتے ہیں یعنی حروف ک سطر دوم محاذی ا ب سطر اول کے
ہو اور علی ہذا القیاس ک ش س ش ھ ف ی ے
دوائر ج ل ع ی و حروف ط لا ہر دو سطر میں محاذی واقع ہوں
اور اس صورت ک کو سر ق سے شروع کرنا چاہیے ۔۔

هوالغفور

خط خوش همه کس که دارد دلپذیر است

چون روح اندر تن بنا و پیر است

[illegible] بود آراسته [illegible]

[illegible]

راقم [illegible]

۴

قطعہ

عشق مغرور و بیدرد و بیرحم است

معشوق دوا است

عاشق ...

۳

بیان وصل و فصل و کرسی الفاظ

تحریر مرکبات میں وصل و فصل و کرسی الفاظ کا لحاظ رکھنا چاہیے وصل و فصل کے
لحاظ سے یہ اس نقصان کا ہے کہ سطر کے بعض حروف و الفاظ باہم بہت پیوستہ
اور بعض بہت فاصلہ پر ہوں اور لحاظ کرسی نشینی سے جب اصطلاح پذیر ہوگا کہ
بعض حروف سطر کے سمت کو جھکے ہوئے ہیں اور بعض اوپر کو چڑھے جاتے ہیں پس چاہیے کہ
فاصلہ الفاظ کا بہت زیادہ نہ ہو اور بہت کم مناسب ہو اور سطر راست ہو تاکہ تحریر
... مثلاً جو حروف دائرہ دار ہیں ...
... ایک خط مستقیم سے ...
... خط مستقیم ...
س ش ص ض ع ...
ش ... ق ک گ ...
ل ...
... ص ... ل ...
... ن ...
ب ج ک ل م ن ...
س ش ص ض ع ... ج ... س ...
س ش ...
... ب ...
ش ص ... ف ... ی
... ج ل ع ... ط ...
... ک کو سرق سے شروع کرنا چاہیے ۔